شفیق فاروقی

دار العلوم کے شب وروز

دار العلوم کے ششماہی امتحانات کا انعقاد :

۵ اگست کو دار العلوم کے ششماہی امتحانات کا آغاز ہوا۔ حسب سابق ایوان شریعت کے وسیع ہال اور گیلریوں میں امتحانات کے انعقاد کا انتظام کیا گیا تھا۔ اسی کے ساتھ دار العلوم کی جامع مسجد کو بھی امتحان گاہ کے طور پر استعمال کیا گیا۔ کیونکہ طلباء کی تعداد اس دفعہ بھی کافی ہے۔ حضرت مولانا انوار الحق صاحب اور دیگر تمام مشائخ اور اساتذہ نے امتحانات کے دوران مکمل سرپرستی کی۔ بعد میں دار العلوم کی طرف سے چار روز کی تعطیلات کا اعلان کیا گیا۔ اس سے ایک ماہ قبل سہ ماہی امتحانات میں امتیازی نمبرات حاصل کرنے والے طلباء کے لئے تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد بھی ایوان شریعت میں کیا گیا تھا جس میں کامیاب ہونے والے طلبا انعامات و اعزازات سے نوازے گئے۔ اسی طرح سہ ماہی امتحانات میں کامیاب اور ناکام ہونے والے طلباء کے نتائج کے کارڈ بھی ان کے سرپرستوں کے نام دار العلوم کے "شعبہ تعلیمات" نے ارسال کردیئے ہیں۔ تاکہ ان کے سرپرستوں کو اپنے بچوں کی تعلیمی کارکردگی کا اندازہ ہو سکے۔

مسلم لیگی رہنماؤں کی آمد :

۴ اگست بروز جمعہ دار العلوم میں مسلم لیگ کے سینئر ممبران اور اہم رہنماؤں کا ایک اہم نمائندہ وفد مولانا سمیع الحق صاحب مد ظلہ سے ملاقات کے لئے تشریف لایا۔ وفد کی قیادت قومی اسمبلی کے سابق اسپیکر جناب فخر امام کررہے تھے۔ آپکے ہمراہ سابق وفاقی وزیر عبدالستار لالیکا، میاں محمد عمر فاروق ڈی آئی خان، سردار حیات ٹمن، چوہدری غلام سرور چیمہ تھے۔

وفد نے مولانا کو اپنے خیالات اور لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ اوران سے سرپرستی فرمانے کے لئے تعاون طلب کیا۔ یادرہے کہ مسلم لیگ کے یہ ارکان نواز شریف کے آمرانہ اور شخصی اقتدار و اختیار سے نالاں ہیں۔

عالمی متنازعہ کتاب "دی طالبان" The Taliban کے مصنف احمد رشید کی آمد

گزشتہ دنوں مشہور عالمی متنازعہ کتاب "دی طالبان" کے مصنف جناب احمد رشید سابق وفاقی وزیر داخلہ جناب نسیم احمد آہیر کے ساتھ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مد ظلہ سے ملاقات کیلئے تشریف لائے۔ آپ نے حضرت مولانا مد ظلہ سے مختلف موضوعات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں تحریک طالبان پر